دل میں تیری صورۃ ہے برہان الہدی
ہر لب پے از فرقت سدا یا محمدا
کہاں چل دیئے تم کیوں ہوے ہم سے جدا
اب یاد کرکے تمکو کہتا ہوں سدا

حزن اذاب جوانحي و فؤادي
واسال دمعي مثل فيض الوادي

چرخِ قضا کیسا ہے تیرا یہ ستم
تجدید ہر دن ہو رہا شہ کا الم
ہے تازہ تر یہ زخمِ فرقت دم بدم
ہیں سنکے اُنکا نام آنکھیں ہوتی نم

لرزی قلم اور بس کیا اُسنے رقم
اسفا يردد لوعتي و سهادي

جب بھی تیرا یہ عبدِمشکل میں گھِرا

تب نام تیرا لیکے گردن کو جھکا

اور آنکھیں نم کر یاد تجھکو جو کیا

بے شک یقیں اِس بات پر تب ہوگیا

کہ "ولاءھم ذخري و كنزي والذي

هو عدتي في محشري و عتادي"

ایک سال تو بیتا نہیں یہ کل ہی تھا

کہ چرخ ، حزنِ شہ میں پورے دن رہا

اظہارِ ھم غم میں یوں از فقدِ شہا

فرطِ شجن بس جا بجا اُسنے کہا

بكت السماء عليہِ والدنيا معا

والجن في الاهضاب و الاطواد

اے سیفِ دیں اب صبر کیسے میں کروں
لے نے تسلی طرف روضت کہ چلوں
اور پختیوں کو اپنے کھٹنوں سے چرہوں
تربت پے رکھ کر سر یہ عرض کر بھی لوں

اني اعتصمت بهم ودنت بحبهم
وذخرتہ للفوز في الميعاد

تھا حزن میں جس وقت پورا یہ جہاں
اُس وقت ظاہر کرکے سمطِ دشمناں
شہ کہ جنازے سے پھرایا منھ کہاں؟
بس جان لے اب کہتے مؤمن بارھاں

لا تحسبن الله يغفل امركم
والله للباغين بالمرصاد

وارث برھانِ دیں کہ ہیں عالی قدر

ہیں سیفِ دیں طاھر بھی اِنمے جلوہ گر

صحت ھو جسمِ پاکِ شہ میں سر بسر

دعوت کو اِنکی ہراداء پر ہے فخر

کیا شان و شوکت سیفی کیا انکی قدَر

نفسي الفداء لافضل العباد